Classmate
Date :
Page :

کشمیر یونیورسٹی ماڈل ہائی اسکول
نسیم باغ سرینگر

پرچہ / اردو

کلاس / سوم (3rd)

Class : 3rd

إعداد / عبد القیوم بٹ

ٹیچر کشمیر یونیورسٹی ماڈل ہائی اسکول
سرینگر

س ۱ :- ارض وسماء کسے کہتے ہیں ؟

ج :- ارض وسماء زمین اور آسمان کو کہتے ہیں ۔

س ۲ :- سارے جہاں کا پیدا کرنے والا کون ہے ؟ ۔

ج :- سارے جہاں کا پیدا کرنے والا اللہ تعالیٰ ہے ۔

س ۳ :- خدا کس چیز میں ظاہر ہے ؟

ج :- ہر چیز اللہ تعالیٰ کے وجود کو ظاہر کرتی ہے ۔

س ۴ :- تاروں میں کس کا نور ہے ؟

ج :- تاروں میں اللہ تعالیٰ کا دیا ہوا نور ہے

س ۵ :- پھول میں کس کی رحمت چھپی ہوئی ہے ؟

ج :- پھول میں اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ رحمت چھپی ہوئی ہے ۔

۲۔ { ایک روپے میں اونٹ }

س ۱ :- ابو سالم کا گھر کہاں واقع تھا ؟

ج :- ابو سالم کا گھر شاہراہ کے قریب تھا ۔

س ۲ :- ابو سالم اونٹوں کو کیوں حسرت بھری نگاہ سے دیکھتا تھا ؟

ج :- ابو سالم اونٹوں کو اس لئے حسرت بھری نگاہ سے دیکھتا تھا کیونکہ اس کی خواہش تھی کہ کاش اس کے پاس بھی ایک اونٹ ہوتا

س ۳ :- ابو سالم کی بیوی نے ابو سالم کی خواہش پوری کرنے کے لیے کیا کیا ؟

Scanned by CamScanner

ج:- ابو سالم کی بیوی نے ابو سالم کی خواہش پوری کرنے کے لئے گھر کے خرچے سے تھوڑا تھوڑا بچا کر کچھ رقم جمع کر لی، رقم اتنی تھی کہ اس سے ایک اونٹ خریدا جا سکتا تھا۔

س۴:- اونٹ خرید کر جب ابو سالم اس پر سوار ہوا تو کیا ہوا؟

ج:- اونٹ خرید کر ابو سالم اس پر سوار ہوا تو اونٹ نے اسے زمین پر گرا دیا۔

س۵:- جب اونٹ نے دوبارہ ابو سالم کو گرا دیا تو اس نے کیا قسم کھائی؟

ج:- جب اونٹ نے دوبارہ ابو سالم کو گرا دیا، تو اس نے قسم کھائی کہ میں اس اونٹ کو صرف ایک روپیہ میں بیچ دوں گا۔

* خالی جگہیں ۱) شاہراہ ۲) کارواں ۳) پاس ۴) حسرت ۵) سوداگروں ۶) اڑوس۔

۳ "محنت کا پھل"

س۱:- بوڑھا کسان کیا کر رہا تھا؟

ج:- بوڑھا کسان باغ میں آم کا پیڑ لگا رہا تھا۔

س۲:- بادشاہ نے بوڑھے کسان سے کیا کہا؟

ج:- بادشاہ نے بوڑھے کسان سے کہا کہ تم کس امید سے یہ درخت لگا رہے ہو یہ تو بہت سالوں کے بعد پھل دیگا۔

س۳:- بوڑھے کسان نے کیا جواب دیا؟

ج:- بوڑھے کسان نے جواب دیا! حضور میرے باپ دادا نے جو درخت لگائے تھے ان کے پھل میں نے کھائے اب جو میں یہ درخت لگا رہا ہوں اس کے پھل میرے پوتے اور پر پوتے کھائیں گے۔

س۴:- بادشاہ نے بوڑھے کسان کا جواب سن کر کیا کیا؟

ج:- بوڑھے کسان کے جواب سے خوش ہو کر بادشاہ نے اسے انعام دیا۔

Scanned by CamScanner

کی وجہ سے بیچارا ہے۔

س۲ :- چھوٹے چھوٹے بچے صبح سویرے کیوں اُٹھتے ہیں؟

ج :- چھوٹے چھوٹے بچے صبح سویرے ایک دوسرے پر برف کے گولے پھینکنے کے لئے اُٹھتے ہیں۔

"پیٹرولیم"

س۱ :- پیٹرولیم کہاں سے حاصل ہوتا ہے؟

ج پیٹرولیم زمین سے حاصل ہوتا ہے۔

س۲ :- پیٹرولیم زمین سے کیسے نکالا جاتا ہے؟

ج پیٹرولیم زمین سے پمپ اور دوسری مشینوں کی مدد سے نکالا جاتا ہے۔

س۳ :- پیٹرولیم سے کیا کیا چیزیں بنتی ہیں؟

ج :- پیٹرولیم سے مٹی کا تیل، تارکول، گریس، اور موم حاصل ہوتا ہے۔

س۴ :- ہمیں اس انمول تحفے کو کیسے استعمال کرنا چاہئے؟

ج :- ہمیں اس انمول تحفہ کو کفایت شعاری سے استعمال کرنا چاہئے۔

جملوں کا مناسب جوڑ :-

- ہم زمین پر رہتے ہیں۔ آج کا دور مشینوں کا دور ہے۔ پیٹرولیم بے حد فائدہ مند چیز ہے، ہمیں پیٹرولیم کا صحیح استعمال کرنا چاہئے۔

(✓✗) (۱) ✓ (۲) ✗ (۳) ✓ (۴) ✗

* صحت مند، حاجت مند، دولت مند، غیرت مند، آرزومند، تنومند، ہوش مند، دردمند۔

جملوں کی ترتیب :- وہ احمد کا بھائی ہے، دو اور دو چار ہوتے ہیں۔ آج سکول بند ہے۔ گائے دودھ دیتی ہے۔

Scanned by CamScanner